برادری کی اخلاقی اور عملی اصلاح بھی اس رسالہ کا ایک مقصد ہے موجودہ اردو شکن ماحول میں ارباب بزم کی ہمت و عزیمت لائق صد تحسین و آفریں ہے امید ہے کہ قدردان اردو اس رسالہ کی بھی قدر کریں گے۔

اشارہ اڈیٹر قیوم خضر صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۵۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر سالانہ چندہ چھ روپئے۔ پتہ:- گوتم بدھ روڈ گیا (بہار)

یہ ایک ادبی ماہنامہ ہے جو ابھی چند ماہ سے گیا سے شائع ہونا شروع ہوا ہے یہ بھی سنجیدہ و متین مضامین و مقالات کے علاوہ اچھے افسانوں، نظموں اور غزلوں کا حامل ہوتا ہے پہلے نمبر میں ڈاکٹر محمود صاحب وزیر مواصلات صوبہ بہار اور پنڈت سندر لال کے مقالات " بھارت کا کلچر کیا ہونا چاہئے " اور " اسلام کا سماجی سنگٹھن " خاص طور پر پڑھنے کے لائق ہیں صوبہ بہار کے ان حوصلہ مند نوجوانوں کی کوششیں جو وہ اردو کے تحفظ و بقا اور اس کی ترقی و اشاعت کے لئے کر رہے ہیں ہر نوع حوصلہ افزائی کی مستحق ہیں

یثرب تقطیع ۲۲×۱۸/۸ صفحات ۱۲۰ پتہ:- مکتبہ یثرب ۱۰- اے دی مال لاہور کتابت طباعت بہتر قیمت زیر نظر نمبر بابت نومبر و دسمبر ۱۹۵۰ء ایک روپیہ، سالانہ چندہ صر

یہ ایک دو ماہی رسالہ ہے جو جنوری ۱۹۵۱ء سے ماہنامہ ہونے والا ہے ملک کی تقسیم کے بعد سے جماعت اسلامی کی لٹریری سرگرمیوں میں جو زبردست اضافہ ہوا ہے یثرب اس کا زندہ ثبوت ہے اور اسے بے تکلف اس جماعت کی ثقافتی اور ادبی خصوصیتوں کی کا ترجمان کہا جا سکتا ہے دوسرے شماروں کی طرح زیر نظر نمبر کے مضامین بھی سلیقے اور وسعتِ نظر سے ترتیب دئے گئے ہیں رسالہ کے مدیر اول ابو صالح صاحب اصلاحی نے " اپنی باتیں " جس انداز سے کہی ہیں وہ ان کی صلاحیتِ کار کی پوری طرح غمازی کرتی ہیں مولانا سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی کا مضمون " میرا بچپن " اور مشہور یورپین فلسفی برٹرنڈ رسل کی کتاب History of ... Philosophy کے دیباچہ کا ترجمہ مغربی